شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ (۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

امریکی سفیر نے تبتی پناہ گزیں استقبالیہ سینٹر وقف کیا

نئی دہلی، 24 فروری 2011: ہندوستان میں امریکہ کے سفیر ٹموتھی جے رومر نے پناہ گزینوں کے لئے تعمیر کیا گیا ایک مرکز وقف کرنے کے لئے 24-23 فروری کو دھرمسالہ کا دورہ کیا۔ سفیر رومر 14 لاکھ ڈالر کی لاگت سے تعمیر کئے گئے تبتی پناہ گزیں استقبالیہ سینٹر کی افتتاحی تقریب میں معزز مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ اس سینٹر کی تعمیری لاگت کا تقریباً 60 فیصد حصہ امریکی حکومت نے فراہم کرایا ہے۔ اس میں 500 پناہ گزیں قیام کر سکتے ہیں۔

اس موقع پر سفیر رومر نے کہا ''کئی دہائیوں سے تبتی پناہ گزینوں کی فراخدلانہ مدد اور میزبانی کے لئے ہندوستان مثالی حیثیت کا حامل ہے۔ ہمیں بیحد خوشی ہے کہ امریکہ اس اہم کوشش میں شریک ہو سکا ہے۔''

☆☆☆